Ready to Print

**www.mirfatehalishah.com**

Written By **Mir Fateh Ali Shah**
Translation By **Syed Salman Raza Rizvi**
Language **urdu**
Catagory **Ramdhan**

---

# اعتکاف ک□ لئ□ ضروری □دایات

یہ رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ دوسرے عشرے کے اختتام پر ہے جن بھائیوں اور بہنوں نے اپنی روحانی ارتقا کے لئے دن روزوں میں اور راتیں قیام الیل میں گذاریں وہ اب یقیناً اعتکاف کی تیاریوں میں ہونگے بس پھر جس کے بھی نصیب میں یہ برکتیں لکھی ہونگی وہ بحیثیتِ معتکف رب تعالٰی کے مہمان بنیں گے ۔

جیسا کہ میں اس سے پہلے اعتکاف کی حقیقت اور اسکے طریقے سے وابستہ دو تحریریں لکھ چکا ہوں اور یہ تحریر اعتکاف سے وابستہ کچھ ضروری ہدایات اور مختصر فلسفہ پر مشتمل ہے۔

Convert webpages or entire websites to PDF - **PDFmyURL!**
PDFmyURL

آجکل اعتکاف کا رجحان نئی نسل میں اکثریت سے نظر آرہا ہے اور یہ ایک خوش آئندہ حالت ہے لیکن اس سے بھی انکار نہیں ہو سکتا کہ ان میں اکثریت ایسے نوجوانوں کی ہے جو عام ایام میں قرآن اور نماز سے ذرا دور ہی رہتے ہیں تمیجتاً انہیں اعتکاف کی اصل حقیقت ، مرتبہ اور مقصد کا صحیح اندازہ نہیں ہوپاتا۔ لحاظہ آیئے اعتکاف کا مقصد اور اس سے وابستہ ضروری ہدایات کو سمجھتے چلیں تاکہ زیادہ سے زیادہ برکتیں اور رحمتیں سمیٹ سکیں۔

اعتکاف کا مقصد

رسول اکرم ﷺ کے طریقے پر عمل کرتے ہوئے ہم رمضان کے آخری عشرے میں کسی مسجد میں قیام کرتے ہیں تاکہ ہم ایک مخصوص رات کو تلاش کر پائیں، جسے شبِ قدر کہا جاتا ہے

شبِ قدر کی خصوصیات

1۔ اس رات میں قرآن مجید کا نزول ہوا

2۔ یہ رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے

3۔ اس رات کو ارواح اور ملائکہ نازل ہوتے ہیں

4۔ اور یہ رات فجر تک سلامتی والی رات ہے۔

مندرجہ بالا چار نکات در حقیقت سورہ القدر میں سے لیئے گئے ہیں۔ پہلا نکتہ اس خاص نسخے اور نور کی طرف واضح اشارہ کرتا ہے جسے اللہ تعالٰی نے تمام انسانوں کیلیے ہدایت قرار دیا ہے گویا! کہ یہی اسی رات کی عظمتوں کی اصل وجہ ہے۔ اب آیئے دوسرے نکتے کو سمجھنے کوشش کریں اگرچہ ہم ہزار مہینوں کو منتقل کریں تو یہ ۸۳ سال ۴ مہینے بنتے ہیں بہ الفاظ دیگر ایک رات کی عبادت ۸۳ سال ۴ مہینے کے برابر ہوئی جو کہ آجکی اوسط عمر سے بھی ۲۳ سال زیادہ ہے۔ اور ہم اسکو گھنٹوں میں منتقل کریں تو یہ سات لاکھ بیس ہزار گھنٹے ہوگئے۔

Convert webpages or entire websites to PDF - **PDFmyURL!**

مثلاً : ایک روحانی شاگرد اگر بہ حالتِ مراقبہ اپنی روح کے ذریعے ۱۰۰۰ مشاہدات سے گزرتا ہے تو اس رات اس کی روح ۶۰۰۰۰ مشاہدات سے گذرتی ہے۔

عام رات میں ایک ہزار مشاہدات فی گھنٹہ

شب قدر میں ساٹھ ہزار مشاہدات فی گھنٹہ

گویا کہ روح کی رفتار عام راتوں کے مقابلے میں سات لاکھ بیس ہزار (۷۲۰۰۰۰) مرتبہ زیادہ تیز ہو جاتی ہے۔

اب تیسرے نکتے کی طرف آتے ہیں جو کہ اس رات کی پہچان کے لئے کارگر ہوگا میرا مقصد ہرگز اور ہرگز یہ نہیں کہ یہ نکتہ صرف اور صرف اس رات کی پہچان کے لئے ہے در حقیقت ان بھائیوں اور بہنوں کے لئے جو اس رات کی تلاش کے خواہاں ہیں صرف ان کے لئے یہ نکتہ نشان کے طور پر کام کریگا، تاکہ اعتکاف کی حالت میں بتائی گئی راتوں میں سے جس رات کو بھی ارواح اور ملائکہ کی آمد و رفت دیکھیں تو آپکو اپنی عبادات میں اور بھی شدت کے ساتھ مشغول ہو جانا چاہئے، یہاں یہ بات بھی ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ عام نوجوانوں کی روحانی ارتقا اتنی بہتر نہیں ہوتی اس لئے انہیں بتائی گئی راتوں میں سے ہر رات عبادت میں گذرانی ہوگی اسی طرح سے پھر جب بھی رات قدر کی ہوگی وہ انشاأللہ انہیں نصیب ہو جائے گی۔ اعتکاف کی اہمیت اور مختصر وضاحت کے بعد اب کچھ ضروری ہدایات کو بھی سمجھ لیں تاکہ اللہ تعالیٰ کے گھر کا تقدس بھی برقرار رہے اور ہم اپنے مقصد میں کامیاب بھی رہیں۔

- ایک ایسی مسجد کا انتخاب کیا جائے جو گھر کے قریب ہو یہ فرض میں شامل نہیں مگر احتیاط کی شکل میں تاکہ بہ وقت ضرورت آپ اپنے گھر والوں سے آسانی سے رابطہ کر سکیں۔ اور آپ کو سحر و افطار میں کوئی پریشانی نہ ہو۔
- اپنے ساتھ کپڑوں کے دو جوڑے ساتھ لے جائیں۔
- معتکفین کے خیمے الگ الگ ہوں۔
- عبادت کے سلسلے میں کسی بزرگ سے مشورہ کر لینا چاہئے

Convert webpages or entire websites to PDF - **PDFmyURL!**

- عبادت کے لئے کسی بزرگ سے مشورہ کرلینا چاہیے۔
- اعتکاف کی حالت میں دنیاوی کاموں اور موبائل وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہیئے۔
- ہر وقت اپنی توجہ رب العالمین کی طرف رہے۔

مندرجہ بالا باتوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے کسی عالم سے مکمل معلومات حاصل کرنے کے بعد ہی اعتکاف میں بیٹھیں گے تو یقیناً یہ عمل آپ کے لیئے نہایت ہی بابرکت ثابت ہو گا۔

اپنے ساتھ ساتھ اپنے والدین اور تمام مسلمانوں کی خیر و برکت کیلئے دعا کرنا نہ بھولیئے گا۔

---

**Article Link** http://www.mirfatehalishah.com/articles/post.php?id=2109
**Join us on facebook** https://www.facebook.com/mirfatehalishah

**www.mirfatehalishah.com**

Convert webpages or entire websites to PDF - **PDFmyURL!**